مجموعۂ شجرات

قادریہ، چشتیہ، نعیمیہ، اشرفیہ

مرتّبہ

سیّد محمد کامل نعیمی وفا

خلیفہ

مُرشِدُ برحق صَدرُالْاَفَاضِل سَرتَاجُ الْاَوْلِیَاء حضرت مولانا


سَیِّدُ مُحَمَّد نعِیمُ الدِّیْن صَاحِب رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیْہِ

خَانْقَاہِ نُعیمیّہ

مسلم کالونی محلّہ نئی سرائے دھامپور ضلع بجنور یو۔ پی

باہتمام اراکین کمیٹی مدرسہ فیض رسول نوریہ

فون: 31166-01344 موبائل: 56386 94126



مرید کا نام جاوید .... जावेद

ولدیت مشکور احمد ....

قصبہ دبیا پور ....

شہر امروہہ 13-8-2014

ڈاکخانہ امروہہ ....

ضلع جے۔پی ....

صوبہ یو۔پی 18-4-2015

فون نمبر 01344-93164

99 0314

~~9897 74 3105~~

بسم الله الرحمٰن الرحيم

بِسْمِ اللّٰه خَيْرُ الاَسْمَاءِ رَبُّ الاَرْضِ وَ رَبُّ السَّمَاءِ
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِی لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَئیٌ فِی
الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَ هُوَالسَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاتِحِ اقْفَالِ الْقُلُوْبِ بِذِكْرِهٖ
كَاشِفِ اَسْرَارِ الْغُيُوبِ بِسِرِّهٖ وَالصَّلٰوةِ وَالسَّلَامُ
عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ الاَنْبِيَاءِ وَ
الْمُرْسَلِيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

شجرہ عالیہ قادریہ مکیہ نعیمیہ

الٰہی بحرمت سیّد السادات والعاشقین شفیع العصاۃ المذنبین سیّد المرسلین خاتم الانبیاء سیّدنا ومولانا محمد المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ واصحابہ اجمعین وبارک وسلّم

یاالٰہی بحرمت سیّد العارفین مظہر العجائب والغرائب امیر المومنین سیّد امام المسلمین سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخنا الامام السید شباب اہل جنۃ قرۃ العین اہل السنۃ الامام حسین الشہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخنا الامام علی بن الحسین زین العابدین رضہ اللہ تعالیٰ عنہما

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ الامام محمد بن علی الباقر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ الامام جعفر بن محمد الصادق رضی اللہ تعالیٰ عنہما

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ الامام موسیٰ الکاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ السید الامام علی بن موسیٰ الرضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ معروف الکرخی قدس سرہ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ سری السقطی قدس سرہ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ جنید بن البغدادی قدس سرہ

یاالٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ ابی بکر بن الشبلی قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ الشیخ ابی الفضل عبدالواحد التمیمی قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ ابی الفرح الطرطوسی قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت الشیخ ابی الحسن الھنکاری قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت مولانا الشیخ ابی سعید المخزومی قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت سیّد السادات مجمع الوجود البرکات نور الشمسین والقمرین غوث الثقلین حضرت سیّدی الامام محی الدین محمد عبدالقادر جیلانی قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ الکرام حضرت مولانا سیّد عبدالعزیز قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت سیّد محمد ہتاک قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت شمس الدین قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت شرف الدین قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت سیّد زین الدین قدس سرہ

یا الٰہی. بحرمت شیخ المشائخ حضرت مولانا سیّد ولی الدین قدس سرہ

الٰہی. بحرمت، شیخ المشائخ مولانا سیّد نو، الدین قدس سرہ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد حسام الدین قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد محمد درویش قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد نورالدین قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد عبدلوہاب قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد اسماعیل قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد ابی بکر قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد یحیٰ قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا سیّد علی قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ المشائخ مولانا السید عبداللہ قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت شیخ الشیوخ مولانا الشیخ سیّد مہمان خواجہ بن سیّد ایشان خواجہ تمنکانی قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت مولانا الشیخ مصطفیٰ آفندی بن رئیس الائمہ علی المرعشی المکی قدس سرہٗ


یاالٰہی بحرمت حضرت مولانا الامام السید محمد المکتبی الخلوتی المکی قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت حضرت مولانا الحاج المولوی الشاہ محمد گل قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت مرشدی و مولائی حضرت صدرالافاضل استاذ العلماء مولانا مولوی الحاج سیّد محمد نعیم الدین صاحب قدس سرہٗ

یاالٰہی بحرمت سیّد محمد کامل وفا نعیمی صاحب مدظلہ العالی

آمین یا رب العالمین و صل اللہ تعالیٰ علی خیر الخلقہ محمد وّآلہ و اصحابہ اجمعین۔



شجرہ عالیہ قادریہ مکیہ نعیمیہ

یا الٰہی مصطفٰی و مرتضٰی کے واسطے
اور حسین و زین عابد رہنما کے واسطے
باقر و جعفر و کاظم اور رضا کے واسطے
کرخی و سقطی جنید پارسا کے واسطے
حضرت بوبکر و شبلی و تمیم بوالفرح
بوالحسن اور بوسعید باصفا کے واسطے
سیّدی مخدوم عالم اور غوث اعظم کے لئے
سیّدی عبدالعزیز پارسا کے واسطے
واسطے حنّاک و شمس الدین و شرف الدین کے
اور دین زین اولیاء کے واسطے

اور ولی الدین و نورالدین نورِ حق نما
اور حسام الدین و درویش زماں کے واسطے

بہرِ نورالدین اور عبدالوہاب باصفا
شاہِ اسمٰعیل و بوبکر ہدا کے واسطے

بہرِ یحیٰ و علی و شاہ عبداللہ ولی
خواجۂ مہمان و شاہِ مصطفیٰ کے واسطے

عارف حق خلوتی و شاہ محمد گل ولی
شاہِ نعیم الدین آلِ مصطفیٰ کے واسطے

پیر کامل کا ہو یارب خاتمہ ایمان پر
بخش دے اس کو شہیدِ کربلا کے واسطے

شجرۂ عالیہ قادریہ مکیّہ نعیمیہ

حمد واجب خالق ارض و سما کے واسطے
نعت لازم سیّدِ ہر دوسرا کے واسطے
پیش کرتا ہوں درودیں مصطفیٰ کے واسطے
سب رسولوں کے لئے کل انبیاء کے واسطے
کھول دے رحمت کے در اس بینوا کے واسطے
بخش دے جرم و خطا اپنی عطا کے واسطے
یا الٰہی حضرت خیرالوریٰ کے واسطے
رحمتِ عالم جناب مصطفیٰ کے واسطے
بابِ علم و معرفتؐ مولیٰ علی مشکل کُشا
حیدرِ کرار شاہ اولیاء کے واسطے

سیّد اہل جناں نورِ نگاہِ مرتضیٰ
سبطِ پیغمبر شہید کربلا کے واسطے

از برائے حضرت سجاد زین العابدین
حضرت باقر امام الاتقیاء کے واسطے

جعفر و صادق امام و پیشوائے عارفین
حضرت موسیٰ کاظم اور رضا کے واسطے

حضرت معروف کرخی واقفِ اسرارِ حق
سری سقطی شہنشاہ ہدیٰ کے واسطے

از برائے صوفی اوّل جنید باصفا
حضرت شبلی مہ چرخ ہدیٰ کے واسطے

شاہ بوالفضل عبد واحد رہنمائے دین حق
بوالفرح طرطوسی شیخ الوریٰ کے واسطے

از پئے شیخ المشائخ بوالحسن سلطانِ دین
بوسعید پیشوا وحق نما کے واسطے

قطب عالم شہ محی الدین محبوب خدا
شیخ عبدالقادر غوث الوریٰ کے واسطے

از برائے سیّد عبدالعزیز پارسا
سیّد ہتّاک شیخ مقتدا کے واسطے

بہر شمس الدین وشرف الدین امام عارفین
شیخ زین الدین زین الاولیاء کے واسطے

از پئے شیخ ولی الدین ولی الاولیاء
شاہ نورالدین نورحق نما کے واسطے

از پئے قطع حسام الدین رقاب گمرہاں
سیّد درویش شاہ اتقیاء کے واسطے

از پئے انوار نورالدین نورِ کبریاء
عبد وہاب کریم باصفا کے واسطے

شاہِ اسمٰعیل سیّد رہنمائے راہِ حق
سیّد بوبکر کے صدق و صفا کے واسطے

از پئے شیخ المشائخ سیّد یحیٰ ولی
حضرت سیّد علی ذوالعلا کے واسطے

ہادی دیں شاہ عبداللہ شیخ عارفین
سیّد مہماں خواجہ پارسا کے واسطے

واسطے اُن کے جو کہلاتے ہیں آفندی ولی
یعنی شاہِ مصطفیٰ پیرِ ہدیٰ کے واسطے

حضرت سیّد محمد خلوتی مکی امام
عارف کامل ولی باخدا کے واسطے

از پئے طیب محمد گُل امام اہل دیں
قدوہَ از بابِ علم و اتقیاء کے واسطے

واسطے صدر الافاضل شہ نعیم الدین کے
اور سارے اولیاء و پیشواء کے واسطے

واسطے حَسنَین کے کردے کرم کامؔل پہ تو
کھول دے رحمت کے در اس بینوا کے واسطے

پیر کامؔل کا ہو یارب خاتمہ ایمان پر
بخش دے اس کو شہیدِ کربلا کے واسطے



شجرۂ عالیہ

قادریہ جلالیہ اشرفیہ نعیمیہ

حمد بے حد ذوالجلال کبریا کے واسطے
نعت نامحصور ختم الانبیاء کے واسطے

بہترین صلوٰت حق خیرالوریٰ کے واسطے
مرسلین و انبیاء و اولیاء کے واسطے

نعمت دین کر عطا مجھ بینوا کے واسطے
دولت عرفاں عطا کر مجھ گدا کے واسطے

یا الٰہی سیّد ہر دوسرا کے واسطے
حیدر کرار شاہِ اولیاء کے واسطے

از پئے حضرت حسن بصری امام اولیاء کے
شہ حبیب حق محبّ کبریا کے واسطے
حضرت داوٗد طائی شیخ کامل کے لئے
عارف معروف کرخیؒ پارسا کے واسطے
حضرت سری سقطی واقفِ اسرارِ حق
رہبرِ کامل جنید مقتداء کے واسطے
حضرت ابوبکر شبلی ماہِ عرفاں کے لئے
شاہ بوالفضل تمیمی حق نما کے واسطے
حجرت بوالفرح طرطوسی رئیس اتقیاء
بوالحسن ہنکاری شیخ باصفا کے واسطے
عارفِ حق بوسعید پاک باطن کے لئے
عبدِ قادر غوثِ اعظم پیشوا کے واسطے

از پئے حضرت علی حداد شاہِ اصفیاء
شہ علی افلح امام باصفا کے واسطے

حضرت قطب یمن بوالغیث عارف کیلئے
شاہِ فاضل ابن عیسیٰ رہنما کے واسطے

از پئے حضرت عبید غیثی عالی جناب
شہ جلال الدین بخاری حق نما کے واسطے

شاہِ سمناں میر اشرف اوحدالدین کیلئے
عبد رزّاق ولی پُر ضیاء کے واسطے

حضرتِ سیّد حسن ابن کبیر نورِ عین
سیّد و سرور شہید پارسا کے واسطے

حضرت سیّد محمد عارف حق کے لئے
اور حُسین ثانی شیخ الوریٰ کے واسطے

حضرت عبدالرّسول سیّد عالی وقار
شاہ نور اللہ نورِ کبریاء کے واسطے

حضرت سیّد ہدایت ہادیٔ دیں کے لئے
سیّد شاہ عنایت با عطا کے واسطے

از برائے نذر اشرف راز دارِ قد عرف
حضرت سیّد نواز باخدا کے واسطے

رہبر کامل صفت اشرف ولی کبریا
اور قلندر بخش عارف باصفا کے واسطے

حضرت منصب علی پیر طریقت کے لئے
سیّد اشرف حُسین مقتدا کے واسطے

حضرت محبوب ربانی شبیہِ غوثِ پاک
یعنی شاہ اشرفی نجم الہدیٰ کے واسطے

فاضل کامل نعیم الدین صدرِ اہل فضل
حامیٔ دین رسول مصطفیٰ کے واسطے

یا الٰہی صدقہ محبوبوں کا ہم پر فضل کر
کر عطا ایمان و دین ہر بینوا کے واسطے

اپنے پیاروں کا تصدق نعمت دارین دے
ہر بلا سے دے اماں کل اولیاء کے واسطے

پیر کامل کا ہو یارب خاتمہ ایمان پر
بخش دے اس کو محمد مصطفیٰ کے واسطے

توجہ فرمائیں

کچھ ضروری عمل وتعویذات وغیرہ لکھے جاتے ہیں (مریدوں کے علاوہ) جو صاحب چاہیں اجازت لے کر کریں۔ میرے آقائے نعمت سیدی ومولائی حضرت صدرالافاضل مولانا سیّد نعیم الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جو عمل کرائے، تعویذات وغیرہ عنایت فرمائے وہ کتابی نہیں ہیں بلکہ سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں۔ عمل کوئی سا بھی ہو جائز کام کے لئے ہی ہوتا ہے۔

نوٹ: حضرت مولانا سیّد محمد نعیم الدین صاحبؒ کے پوتے عالم با عمل مولانا سیّد شاہ حکیم محمد رضوان الدین صاحب نعیمی صاحب سجادہ نشین ومتولی دارالعلوم جامعہ نعیمیہ، بازار دیوان مراد آباد سے ملیں۔ آپ بڑے خوش اخلاق حکیم بھی ہیں۔ ان سے دُعا کرائیں۔

اب میں عمل تحریر کرتا ہوں۔ کر کے دیکھئے۔ ہتھیلی پر سرسونہ جمایئے
کہیں ایسا نہیں ہوتا۔

عمل خبر کا: یاخبیر اخبرنی خبراً صادق الاریب
۱۱۰۰ سو مرتبہ پڑھیں ۔ جہان پڑھیں وہیں سو جائیں ۔ ہر روز
وقت مقررہ پر پڑھنا ہے۔ ایک نیند لے کر پھر چاہو تو دوسری جگہ
تبدیل کر سکتے ہو۔ اطمینان سے پڑھیں کامیابی ہوگی۔

دوسرا عمل: سورۃ اخلاص گیارہ سو مرتبہ پڑھیں

تیسرا عمل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ،قل ھو
اللہ احد اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد اسی کو
سو مرتبہ کہہ کر لم یلد ولم یلد ولم یکن اللہ کفواً احد
اس طرح پڑھنا ہے۔ اب یہ ایک بار ہوا۔ پھر دوسرے دانے پر
بسم اللہ پڑھ کر قل ہو اللہ احد اللہ الصمد کو سو بار
کہہ کر پوری سورۃ ختم کرنی ہے۔ ۱۱۰۰ مرتبہ اس عمل کو پڑھنا ہے۔

چوتھا عمل: یا احد یا صمد یا مالک عبدالصمد ۱۰۰۱بار پڑھنا ہے۔

نوٹ: عمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پھر اخیر میں بھی پڑھیں۔

عمل بینگن کا: میرے اس عمل پر آپ کو ضرور ہنسی آئے گی۔ مرشد برحق نے جب مجھے یہ عمل بتایا تھا تو مجھے کیا بلکہ جو صاحب وہاں بیٹھے تھے وہ بھی ہنس دیئے تھے۔ (حضرت مولانا نذیرالاکرم صاحب کے شاید تایا تھے، جن کو حاجی جنّتی کہتے تھے) کہنے لگے یہ تو چیز کھانے کی ہوتی ہے یہ عمل بتارہے ہو یا مذاق کر رہے ہو۔ حضرت والا نے اشارہ سے خاموش کر دیا اور فرمایا! کل نو چندی پیر کا دن ہے، تیار ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں! میں تو ہر وقت تیار رہتا ہوں۔ مجھ سے فرمایا! قلعہ والی مسجد کے منبر پر یہ بینگن رکھ آؤ، دیکھو! سوچ سمجھ کر جانا۔ بینگن بھی آپ ہی نے دیا۔

میرے خیال سے دو پہر کے ۱۲ بجے ہوں گے۔ مئی کا مہینہ تھا۔ میں جب قلعے والی مسجد میں گیا تو دو اچھے خوبصورت لڑکے تقریباً ۱۱-۱۲ سال کے ڈنڈے لئے ہوئے شاید کھیل رہے تھے ۔ مجھے دیکھ کر پہلے تو خوب گھورتے رہے۔ اُن کے اس طرح گھورنے سے میرے دل پر بھی ڈر کا اثر ہوا۔ وہ منبر کے پاس اور میں صحن میں تھا۔ پھر وہ خود کودنے لگے اور کودتے کودتے دونوں نہ جانے کہاں غائب ہوگئے۔ میں واپس آ کر اطلاع کر دی۔ خیر اس عمل کو پڑھنے کی ترکیب نوچندی پیر کا دن آنے سے تین دن پہلے گوشت، لہسن، پیاز، بیڑی، سگریٹ، حقہ کھانا پینا چھوڑ دے۔ رات کو جب ایک بجے تب کھڑے ہو کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ۱۱۵۱ (گیارہ سو اکیاون بار **یا بینگن یا بینگن یا بینگن** پڑھے۔ جب کوئی بچہ ڈرتا ہو یا چونک پڑتا ہو۔ سات بار اس کے کان میں حضرت عمر کہہ دے اور

یہ تعویز موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈالدے۔

۷۸۶

حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ
حضرت عمرؓ	جضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ
حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ
حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ	حضرت عمرؓ

اگر کسی شے کا اثر معلوم ہو تو اس نقش کے اکیس تعویذ لکھے اور ایک تعویذ پانی میں ڈالدیں یہ تعویذ سات پانی میں پڑا رہے گا۔ پھر دوسرا تعویذ ڈالیں سات دن تک یہ تعویذ بھی پانی مین پڑا رہے گا اسی طرح ساتوں تعویذ پانی میں ڈالتے رہیں۔ پانی بدلتے رہیں ختم ہو جائے تو اور بڑھا دیں۔ پھر دو تعویذ لکھیں ایک گلے میں ڈالدیں دوسرا تعویذ تیل میں ڈالدیں۔ تیل سرسو کا اچھا والا ہو۔ شیشی سفید نہ ہو رنگین ہو اگر سفید ہو تو رنگین پنّی چڑھا دیں یہ خیال رہے کہ دوسرا پانی بیمار نہ پیئے یہی پانی پینا ہے۔

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷	۲۱۵۶۵

اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اس تعویذ کو کالی چمک دار سیاہی سے دو تعویذ لکھ کر ایک سر کے نیچے رکھ کر سو مرتبہ اللہ الصمد پڑھ کر دُعا منگ کر سو جائے، اور دوسرا تعویذ بھاری پتھر کے نیچے دبا دے۔

اللہ ہو	اللہ ہو	اللہ ہو
اللہ ہو	(مع نام والدہ) اللہ ہو	اللہ ہو
اللہ ہو	اللہ ہو	اللہ ہو

روزانہ کے عملیات

● صبح بعد نماز فجر سات بار درود شریف تین بار آیت الکرسی گیارہ بار، سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِین اور اسی طرح شام کو بھی اسی تعداد کے مطابق پڑھیں۔

● رات کو سونے سے پہلے باوضو ہو کر یا اللہ یا حَافِظُ یا حفیظُ اور آیت الکرسی ان سب کو سات سات بار پڑھ کر چاروں طرف پھونک ماریں اور اپنے اوپر دم کر لیں۔

● جمعہ کے دن بعد نماز فجر یا اَللّٰہُ سو بار یا اَحَدُ سو بار

● ہفتہ کے دن بعد نماز فجر یا رحمٰنُ سو بار یا واحدُ سو بار

● اتوار کے دن بعد نماز فجر یا واحد سو بار یا احد سو بار

● پیر کے دن بعد نماز فجر یا حی سو بار یا قیوم سو بار

● منگل کے دن بعد نماز فجر یا حمد سو بار یا قیوم سو بار

● بدھ کے دن بعد نماز فجر یا حنانُ سو بار یا منانُ سو بار

● جمعرات کے دن بعد نماز فجر یا ذُو الجَلَالُ وَالاِکْرَام دو سو بار

عمل بتانے والے بتاتے بھی ہیں اور کتابوں میں بھی ہزاروں لکھے ہوئے ہوتے ہیں مگر کرنے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ اصل کامیابی اُسی کو حاصل ہوتی ہے جو ہمت کر کے یہ فیصلہ کر لے مجھے کرنا ہی ہے چاہے آندھی آئے، طوفان آئے یا اولے برسیں۔ ایسا آدمی جو آج کا کام کل پر چھوڑے اور دل میں یہ کہتا رہے کہ یہ عمل کل سے کرنے بیٹھوں گا اور جب کل آجائے تو کہے کہ یار! اب کی نوچندی جمعرات سے شروع کروں گا۔ بس سمجھ لو ایسا آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔ مزے کی بات سن لو ایک آدمی مرید ہونے کے لئے آیا اور اُس نے صاف صاف کہہ دیا کہ میں چاہتا ہوں کہ مجھے کوئی ایسا عمل بتایا جائے کہ جس کے کرنے سے خواب میں (ستقبل) معلوم ہو جائے۔ میں نے کہا بھائی! میرے پاس تو ایسا عمل ہے جس سے اللہ اور اُس کو رسول خوش ہو۔

ہر وقت کام آنے والے کچھ گھریلو نسخے

● دو عدد چھوارے گٹھلی نکال کر اچھی طرح کوٹ لیں اور آدھا کلو دودھ میں ڈال کر ہلکی آنچ پر اچھی طرح پکائیں کہ چھوارے گل جائیں صبح کو ناشتے میں استعمال کریں۔

● تُلسی کے تازہ پتوں کا رس نکال کر لیموں کے عرق میں ملا کر سوتے وقت مہاسوں پر لگانا مفید ہے۔

● ایک چمچہ شہد خالص میں پیاز کا عرق ملا کر چاٹنے سے سوکھی کھانسی دور ہو سکتی ہے۔

● دَنی مرچ باریک پیس کر اصلی شہد میں، اس طرح ملائیں کہ چٹنی سی بن جائے۔ رات کو سوتے وقت اور صبح کو نہار منہ اس کو تھوڑا سا چاٹ لینا نزلہ کے لئے مفید ہے۔

● ہرا دھنیا کچھ دیر منہ میں ڈال کر چبانا منہ کے چھالوں کے لئے مفید ہے۔

● نمک میں سر کا ملا کر لیپ کرنا بچھو کے کاٹے میں مفید ہے۔ اسی طرح نمک اور لہسن پیس کر لگانے سے زہر دور ہو جاتا ہے۔

● جس جگہ پر سانپوں سے خطرہ ہو تو رائی پر اکیس مرتبہ سلام علی نوح فی العالمین پڑھ کر دم کریں اور مکان کے چاروں طرف دیوار کے سہارے ڈالنے سے اور کبھی کبھی سوراخوں میں ڈالنے سے سانپ نہیں آتا۔ اسی طرح نوشادر ۲۵ گرام پانی میں گھول کر چھڑکنے سے بھی یہ موذی جانور نہیں آتا۔

● اگر کانوں میں درد ہو تو پیاز کو بھوبھل میں دبا کر نرم کر لیں پھر اس کا عرق نکال کر کان میں نیم گرم ڈالیں فائدہ ہوگا۔

● اگر معدہ میں درد ہو تو ہیرا ہینگ ۲ رتی لے کر منقیٰ کے بیج نکال کر اس کو اس میں رکھ کر گولی بنا کر کھلا دیں فائدہ ہوگا۔

اصلی شہد کی پہچان

کتّا شہد نہیں کھاتا، آگ پر ڈالو تو پگھل جاتا ہے۔

یہ چیزیں ایک ساتھ یا ملا کر نہیں کھانا چاہئیں

● دودھ کے ساتھ کھٹی چیزیں (تُرش) کھانے سے دردِ معدہ ہو سکتا ہے۔

● شہد کے ساتھ گھی، کنول گٹہ، چربی اور مچھلی

● مولی اور دہی ایک ساتھ کھانے سے دردِ قولنج پیدا ہو جاتا ہے

● دودھ، مچھلی اور گنّے کا رس پینے سے جذام (کوڑھ) کا مرض ہو سکتا ہے۔

● شہد اور گھی کھانے سے دردِ معدہ ہو سکتا ہے۔

● چاول کے ساتھ سرکا کھانے سے دردِ معدہ ہو سکتا ہے۔

● دودھ اور شراب معدہ میں جمع ہونے سے مرض بڑھ سکتا ہے

● لہسن، پیاز اور بادام ملا کر کھانے سے منع کیا گیا ہے۔

● خربوزے کے ساتھ دہی کھانے سے دردِ معدہ ہو سکتا ہے۔

● خربوزہ کھا کر پانی پینے سے ہیضہ ہو سکتا ہے۔

یاد رکھیں

- صبح باسی پانی (نہار منھ) پینے سے قبض دور ہو جاتا ہے۔
- تیز مرچ اور گرم مصالحہ کھانے سے معدہ خراب ہو جاتا ہے اور آنکھوں پر بھی اثر پڑتا ہے۔
- بیڑی، سگریٹ، حقہ اور تمباکو کھانے پینے سے آنکھوں کی روشنی پر اثر پڑتا ہے۔
- غصہ کی حالت میں کھانا نہیں کھانا چاہیے۔
- کھانا کھانے کے بعد پیشاب کر لینے سے دردِ گردہ نہیں ہوتا
- دمہ (سانس) کے مریض کو رات کا کھانا نہیں کھانا چاہیے۔
- ہیضہ میں کھانا کھانا زہر ہے۔
- جن انگریزی مہینوں میں "ر" نہیں ہے اُن (مئی، جون جولائی، اگست) میں مچھلی کھانا نقصان دہ ہے۔
- تمام بیماریوں کی جڑ ہاضمہ کی خرابی ہے۔

عرس شریف

عرس شریف حضرت صدرالافاضل استاذ العلما، مولانا سید نعیم الدین صاحب قدس سرہ کا وصال ۱۸؍ذی الحجہ ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۲؍اکتوبر ۱۹۴۸ء کو ہوا تھا۔اس لئے آپ کا عرس شریف ۱۶؍۱۷؍۱۸؍ذی الحجہ کو دارالعلوم جامعہ نعیمیہ بازار دیوان میں ہوتا ہے۔اس کے سجادہ نشین و متولی حضرت علاّمہ مولانا شاہ سیّد محمد رضوان الدین صاحب مدظلہ العالی عرس کی تمام تقریبات کو بحسن وخوبی انجام دیتے ہیں۔لہٰذا تمام ہی حضرات سے التماس ہے کہ عرس شریف میں تشریف لاکر فیوض و برکات حاصل کریں۔اس بارک موقع پر حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک (ڈاڑھی کے بال) کی بھی زیارت کرائی جاتی ہے۔

خاک پائے نعیم الدین کامل وفا نعیمی

شجرہ ملنے کے پتے

- مفتی محمد ذاکر صاحب، امام وخطیب اونچی مسجد محلّہ افغانان دھامپور
- جمیل احمد شاہ نعیمی صاحب قصبہ برولی متصل مسجد، تحصیل وضلع بجنور
- مولانا فضل الرحمٰن صاحب مکینک قصبہ بھوپہ مسجد خیر البشر بھوپا ضلع مظفرنگر
- مفتی عبدالروٴف صاحب، سنیتی ماتا متصل پانی کی ٹنکی نجیب آباد (بجنور)
- حافظ کامل صاحب، دریاپور ضلع جے پی نگر
- تصدق حسین شاہ صاحب موضع ہاتھی پور چھتو، پوسٹ کندرکی تحصیل بلاری ضلع مرادآباد
- بھورے خاں صاحب غزی پور تحصیل بلاری ضلع مرادآباد
- حکیم وڈاکٹر تسلیم احمد صاحب متصل مدرسہ نوریہ دھامپور ضلع بجنور (یوپی)

جاری کردہ

اراکین کمیٹی

مدرسہ فیض رسول نوریہ

مسلم کالونی، نئی سڑک دھامپور ضلع بجنور

منقبت سرتاج العلماء صدر الافاضل مولانا نعیم الدینؒ

حضرت صدر الافاضل کے دہن کی خوشبو
آتی رہتی ہے ہمیں اُن کے بدن کی خوشبو

جھانک کر حوروں نے دیکھا جو نعیمی گلشن
بس گئی اُن کے بھی سینے میں چمن کی خوشبو

دیکھنا ہو تو چلو باغِ نعیمی دیکھیں
کتنی دلکش ہے نعیمی چمن کی خوشبو

پوچھنا ہو تو کسی اہلِ نظر سے پوچھیں
آج تک آتی ہے ہم کو کفن کی خوشبو

بد عقیدوں کو میسّر ہی نہیں اس کے سوا
سونگھتے رہتے ہیں وہ زاغ و زغن کی خوشبو

نام روشن ہے میرا نعیم الدیں سے
دور تک پھیلی وفاؔ آپ کے فن کی خوشبو

نعت شریف

وفاؔ سنائیں گے اپنا کلام جنت میں
اسی لئے تو کیا انتظام جنت میں

اسے کرم ہی کہوں گا کہ خود رسول اللہ
دلائیں گے مجھے اعلیٰ مقام جنت میں

وہاں تو کوئی بھی بوڑھا نظر نہ آئے گا
جوان ہوں گے سبھی خاص و عام جنت میں

جدھر سے ہو کے بھی گذریں گے جب رسول اللہ
پڑھیں گے سب ہی صلاۃ و سلام جنت میں

خدا نے مجھکو وفاؔ ایسا مرتبہ بخشا
کرے گا جھک کے بھی رضوان سلام جنت میں